# اکنامک ٹرانسفارمیشن انیشیٹیو گلگت بلتستان
# پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ
# گورنمنٹ آف گلگت بلتستان

## پروگرام کا جائزہ

گلگت بلتستان پہاڑوں، دریاؤں اور گلیشیئرز کی سرزمین ہے جہاں انفرادی گھرانے کی ارضی ملکیت 0.6 سے 0.8 ایکڑ تک محدود ہے اور کل رقبے کا تقریباً 1.5 فیصد حصہ قابل کاشت ہے۔ زیادہ تر آبادی زراعت پر منحصر ہے اور MICS 2016-17 سروے کے مطابق کثیر الجہتی غربت انڈیکس (ایم پی آئی) سکیل پر غربت 0.179 ہیں۔ زرعی پیداوار اور پیداواری صلاحیت کم ہے جس کی وجہ زمین کی کم ملکیت، معیاری اِنپٹس تک ناقص رسائی، فصل کی کٹائی سے پہلے اور بعد میں بڑے پیمانے پر ہونے والے نقصانات، پروسیسنگ اور ویلیو ایڈیشن کی سہولیات کی کمی ہے جس کی وجہ سے دیہی کسانوں کی مجموعی آمدنی متاثر ہوتی ہے۔ تاہم گلگت بلتستان کا زرعی ماحولیاتی تنوع نسبتا کیڑوں اور بیماریوں سے پاک ماحول میں زرعی اجناس کی وسیع پیمانے کی پیداوار کو ممکن بناتا ہے۔ یہ صحت مند اور اعلیٰ قیمت کی مصنوعات پیش کرتے ہوئے زیادہ قدرتی طریقے سے فصلوں کو اگانے میں مدد کرتا ہے اس لئے اعلیٰ پیداوار، ویلیو ایڈیشن اور مارکیٹنگ کے لئے ایک جامع، مربوط اور پائیدار طویل مدتی حکمت عملی کی ضرورت ہے۔

IFAD
Investing in rural people

ITALIAN AGENCY FOR DEVELOPMENT COOPERATION

## برائے رابطہ

پروگرام / ریجنل کوآرڈینیشن یونٹ، گلگت: ہاؤس نمبر 04، ریورویو روڈ، چنار باغ، گلگت۔

فون نمبر: 05811-922550-4

ریجنل کوآرڈینیشن یونٹ، بلتستان: پٹوال اولڈنگ، نزد آغاہادی چوک سکردو، بلتستان۔

فون نمبر: 05815-920152-3

ریجنل کوآرڈینیشن یونٹ دیامر: مولانا باقی ہاؤس توحیدی کالونی چلاس دیامر

فون نمبر: 05811-920225-6

## ای ٹی آئی - آن لائن آفیشل لنکس

- www.etigb.com.pk
- https://dashboard.etigb.com.pk/
- https://www.facebook.com/etigilgitbaltistan
- ETI-GB on IFAD Pakistan Website: https://www.ifad.org/en/web/operations/w/country/pakistan
- https://youtube.com/@etigb
- https://twitter.com/etigb2
- https://www.instagram.com/etigb.com.pk

## ECONOMIC INFRASTRUCTURE DEVELOPMENT

| | Irrigation and Land Development (ILD) | | | Farm to Market Road (FMR) | |
|---|---|---|---|---|---|
| TARGET | 50,000 Acres Command Area | 400 Km Channel Length | 50,000 Households | 400 Km Road Length | 200 Meter RCC Bridges |
| ACHIEVEMENT | 42,673 Acres Command Area | 444 Km Channel Length | 40,288 Households | 384 Km Road Length | 191 Meter RCC Bridges |

## VALUE CHAIN DEVELOPMENT

162 VACs

35+ Partnership
20+ Agri Commodities

513 Orchards
39 Nurseries

50,256 Farmers
(30% Women)

## مشکلات

گلگت بلتستان کو اپنے محل وقوع اور جغرافیائی موسمی حالات کی وجہ سے مخصوص مشکلات اور مسائل کا سامنا ہے۔ مقامی معیشت کے تین اہم مسائل درج ذیل ہیں۔

**کثافت:** کم آبادی، زمین کی کم ملکیت، چھوٹی اور بکھری ہوئی انفرادی پیداوار، اور جمع کرنے کے ذرائع کی کمی نیز ہول سیل پوائنٹس / نیلامی پلیٹ فارمز کی کمی شامل ہیں.

**فاصلے:** علاقے کے اندر اور اہم بازاروں اور مارکیٹ کے مابین فاصلہ جہاں نقل و حمل کی ناقص سہولیات موجود ہیں

**ڈویژن (تقسیم):** ویلیو چینز کے ساتھ انضمام کا فقدان، توسیع اور ریسرچ سپورٹ سروسز کے درمیان رابطہ منقطع ہونا، ویلیو چین میں خلا یا تعطل، درست پالیسیوں اور قواعد وضوابط کی عدم موجودگی، اور نجی شعبے اور مارکیٹ کی طلب سے رابطہ قائم کرنے میں ناکامی۔

## حل

زراعت کی ترقی کے لئے ان چیلنجوں پر قابو پانے کے لئے ایک مربوط حکمت عملی کی ضرورت ہے۔

**ادارے:** اداروں میں کسان / پروڈیوسر ایسوسی ایشنوں کی مدد شامل ہے تاکہ جمع کاری کے ذریعے پیداوار کی کثافت پیدا کی جاسکے۔ موثر پالیسی، توسیع اور تحقیقی معاونت کے لئے سرکاری شعبے کی صلاحیتوں کی تعمیر؛ پروڈیوسر - پبلک سیکٹر - پرائیویٹ سیکٹر تعلقات اور فورمز کا قیام، کوالٹی کنٹرول اور سرٹیفیکیشن باڈیز کا قیام۔

**بنیادی ڈھانچہ:** مواقع تک بہتر رسائی؛ آبپاشی اور زمین کی ترقی اور فارم ٹو مارکیٹ روڈز میں سرمایہ کاری تاکہ فصلوں کے رقبے میں اضافہ ہو، انٹر اریجن روڈ کنکٹیویٹی کو بہتر بنایا جاسکے، اسٹوریج آپشنز اور لوکل پروسیسنگ / ویلیو ایڈیشن، اسٹوریج آپشنز اور لوکل پروسیسنگ / ویلیو ایڈیشن کی بہتری اور کسانوں کی منڈیوں تک رسائی کو بہتر بنایا جاسکے۔

**ترغیبات:** بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کی 100 فیصد لاگت کی فراہمی، زمین کی ترقی میں مدد، گرانٹ، ادارہ جاتی اور پالیسی سپورٹ کی شکل میں دیہی کسانوں کو اندرونی ترغیبات / مراعات کے ساتھ تمام مداخلتیں۔

**اکنامک ٹرانسفارمیشن انیشی ایٹو گلگت بلتستان (ای ٹی آئی جی بی):** ابتدائی طور پر حکومت پاکستان کا سات سالہ (2015ء تا 2022ء) ترقیاتی پروگرام ہے جس میں 120 ملین امریکی ڈالر کی مالی لاگت آئے گی جس کی مالی معاونت انٹرنیشنل فنڈ فار ایگریکلچر ڈیولپمنٹ (آئی ایف اے ڈی)، اطالوی ایجنسی برائے ترقیاتی تعاون (اے آئی سی ایس) اور حکومت گلگت بلتستان نے مشترکہ طور پر کی ہے۔

اس پروگرام کا مجموعی مقصد **"گلگت بلتستان کے دیہی علاقوں میں آمدنی کو بہتر بنانا اور غربت اور غذائی قلت کو کم کرنا"** ہے۔ ای ٹی آئی جی بی کا مقصد زرعی ویلیو چینز کی پائیدار ترقی کے ذریعے گلگت بلتستان میں کم از کم 100,000 دیہی گھرانوں کے لئے زرعی آمدنی اور روزگار میں اضافہ کرنا ہے۔ اس پروگرام کو اکتوبر 2022 سے ستمبر 2025 تک مزید تین سال کے لئے توسیع دی گئی ہے تاکہ گلگت بلتستان کے باقی ماندہ اضلاع گلگت، ہنزہ، نگر، سکردو، کھرمنگ اور شگر کو بھی پروگرام میں شامل کیا جاسکے۔

### پروگرام کے اجزاء:

ای ٹی آئی جی بی پروگرام تین تکمیلی اور باہمی طور پر مضبوط اجزاء پر مشتمل ہے:

**حصہ 1: ویلیو چین ڈیولپمنٹ کے لئے اقتصادی بنیادی ڈھانچہ:** اس جزو کا مقصد ہدف اضلاع میں موجودہ آبپاشی کے علاقے میں خاطر خواہ اضافہ کرنا اور اپ گریڈ شدہ روڈ لنکس کے ذریعے مارکیٹوں تک بہتر رسائی فراہم کرنا ہے۔

1.1- آبپاشی اور زمین کی آبادکاری (آئی ایل ڈی) کا مقصد آبپاشی اور زمین کی آبادکاری کی اسکیموں پر عملدرآمد کے ذریعے گلگت بلتستان کے تمام 10 اضلاع میں 70,000 ایکڑ اضافی زمین کو سیراب کرنا ہے۔

1.2- فارم ٹو مارکیٹ روڈ (ایف ایم آر) کا مقصد پیداواری علاقوں کو وادی کی سڑکوں اور مرکزی سڑکوں سے جوڑنے کے لئے سپورٹڈ ویلیو چینز کے لئے اہم روڈ لنک کو بہتر بنانا ہے۔ یہ ذیلی جزو 600 کلومیٹر طویل شنگل کمپیکٹڈ سڑکوں اور 300 میٹر پلوں کی اپ گریڈیشن / تعمیر کے لئے مالی اعانت فراہم کرے گا۔

**حصہ 2: ویلیو چین ڈیولپمنٹ کے لئے سپورٹ سروسز / پی پی پی پی:** یہ جزو کسانوں اور دیگر زرعی ویلیو چین کے عناصر / شرکاء کے منظم گروپوں کے ذریعہ تجارتی اور مارکیٹ پر مبنی پیداوار اور ویلیو ایڈیشن پر مشتمل ہے۔ یہ جزو پانچ ذیلی اجزاء پر مشتمل ہے جن میں شامل ہیں:

2.1- ویلیو چین سپورٹ فنڈ کا مقصد کسانوں، کسانوں کی تنظیموں، تاجروں، پروسیسرز، پیکیجرز اور برآمدکنندگان سمیت ویلیو چین کے کرداروں کی فنانسنگ ضروریات کو میچنگ گرانٹ کی بنیاد پر پورا کرنا ہے۔

2.2- سوشل موبلائزیشن (فارمرز آرگنائزیشن اینڈ انسٹی ٹیوشن بلڈنگ) کسانوں کو گروپوں، ایسوسی ایشنز میں منظم کرنا تاکہ بکھری ہوئی پیداوار کی جمع کاری اور کوالٹی کنٹرول کے چیلنجز سے نمٹا جاسکے اور چھوٹے کاشتکاروں کے ساتھ توسیعی اور تحقیقی روابط کو مضبوط کیا جاسکے۔

2.3- محکمہ زراعت توسیع منظم کاشتکاروں (کواپریٹو سوسائٹیز کے ذریعے) کو ضرورت اور طلب کے مطابق زرعی توسیعی خدمات فراہم کرے گا۔

2.4- زرعی تحقیق بنیادی طور پر کاشتکاروں اور معاہدوں پر مبنی بیج کی پیداوار کے پروگراموں کے ذریعے خطے میں بیج آلو کے معیار کی موجودہ کمی کو دور کرنے کے لئے خدمات فراہم کرے گا.

2.5- لینڈ ٹائٹلنگ سسٹم: صوبائی لینڈ کمشنر آبپاشی اور لینڈ ڈیولپمنٹ کے اقدامات سے مستفید ہونے والوں کے لئے اراضی کے مالکانہ حقوق کو محفوظ بنانا اور متعلقہ محکمے کی استعدادکار کو مضبوط بنانا۔

**حصہ 3: پروگرام مینجمنٹ اور پالیسی سپورٹ:** اس جزو کا مقصد پروگرام کے وسائل کے موثر انتظام اور اس کے مقاصد کے حصول کے لئے گلگت بلتستان کی سطح پر ایک موثر پروگرام کو آرڈینیشن، پروکیورمنٹ، مانیٹرنگ اور تکنیکی معاونت کی صلاحیت فراہم کرنا ہے۔ ای ٹی آئی ویلیو چین ڈیولپمنٹ سے متعلق متعدد شعبوں کے ساتھ ساتھ پروجیکٹ سرمایہ کاری کے لئے ترجیحی شعبوں میں حکومت کو پالیسی سازی میں مدد فراہم کرے گا۔ ان میں لینڈ ٹیلنگ، واٹر پالیسی، روڈز ماسٹر پلان اور او اینڈ ایم پالیسی، سیڈ اینڈ پروڈکٹس اور کوالٹی سرٹیفکیشن وغیرہ شامل ہیں۔

### لائن ڈیپارٹمنٹ / عملدرآمد کے شراکت دار

۱. محکمہ منصوبہ بندی وترقی، حکومت گلگت بلتستان

۲. واٹر مینجمنٹ اینڈ اریگیشن ڈیپارٹمنٹ گلگت بلتستان

۳. محکمہ زراعت توسیع گلگت بلتستان

۴. محکمہ زراعت ریسرچ، گلگت بلتستان

۵. کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ، گلگت بلتستان

۶. گلگت بلتستان بورڈ آف ریونیو (جی بی او آر)